**تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں اورکراچی میں آباد تمام قومیتوں کےعوام سے امن کی بھیک مانگتا ہوں۔الطاف حسین**

**ایک دوسرے کی غلطیوں،کوتاہیوں اور غلط فہمیوں کو معاف کرکے ایک دوسرے کو گلے لگائیں اور شہر میں امن قائم کریں**

**ملک کے چاروں طرف خطرات منڈلا رہے ہیں،ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر دنیا کو یہ بتادیں کہ ہمارے آپس کے سیاسی ونظریاتی اختلافات ہوسکتے ہیں لیکن ملک کی بات آئے تو ہم ایک ہیں**

**ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان دیگر جماعتوں کے لوگوں کو بھی سینہ سے لگائیں اور شہر کے امن کیلئے اگر کسی کے پاؤں بھی پکڑنے پڑیں تو اس سے گریز نہ کریں**

**کراچی میں قیام امن کے سلسلے میں اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق کے دفتر میں امن کمیٹی کے اجلاس سے فون پر خطاب**

**اجلاس میں ایم کیوایم ،عوامی نیشنل پارٹی، پیپلزپارٹی، جمعیت علمائے اسلام (فضل الرحمٰن گروپ)، جماعت اسلامی،سنی تحریک ،محسود قبائل اتحاد کے نمائندے،اورنگی ٹاؤن، بلدیہ ٹاؤن اور سائٹ کے حق پرست ٹاؤن ناظمین اور پولیس ورینجرز کے افسران شریک تھے**

**کراچی کے امن کیلئے آپکے ساتھ ہیں اور آپکی اپیل پر لبیک کہتے ہوئے انشاء اللہ سب ملکر شہر کا امن بحال کریں گے۔تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے نمائندوں کی الطاف حسین کو یقین دہانی**

کراچی۔۔۔یکم دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں اور کراچی میں آباد تمام قومیتوں کے عوام سے دردمندانہ اپیل کرتے ہوئے امن کی بھیک مانگتا ہوں اور ان سے کہتا ہوں کہ وہ ایک دوسرے کی غلطیوں،کوتاہیوں اور غلط فہمیوں کو معاف کرکے ایک دوسرے کو گلے لگائیں اور شہر میں امن قائم کریں۔انہوں نے یہ بات آج کراچی میں قیام امن کے سلسلے میں اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق کے دفتر میں منعقدہ امن کمیٹی کے اجلاس سے فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔امن کمیٹی کے اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما رانا گل آفریدی،، پاکستان پیپلزپارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر عابد ستی، جمعیت علمائے اسلام (فضل الرحمٰن گروپ) کے رہنما قاری عبدالحفیظ، جماعت اسلامی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے امیر اور سابق رکن سندھ اسمبلی حمیداللہ خان،سنی تحریک کے رہنما محمد سہیل قادری اور محسود قبائل اتحاد سندھ کے صدر احمد شاہ محسود، ایم کیوایم کی جانب سے ارکان سندھ اسمبلی مظاہر امیر،منظر امام،سید رضا حیدر،حنیف شیخ،اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق، نائب ٹاؤن ناظم شاہد بشیر، بلدیہ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم کامران اختر،سائٹ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان،ٹاؤن نائب ناظم بادشاہ خان اور پولیس،رینجرز اور محکمہ داخلہ کے افسران شریک تھے۔امن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، ملک کے چاروں طرف خطرات منڈلا رہے ہیں لہٰذا وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم ملک کی بقاء سلامتی کی خاطر اپنے سیاسی ونظریاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ دیں اور ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر دنیا کو یہ بتادیں کہ ہم ایک گھر کے فرد ہیں، ہمارے آپس کے سیاسی ونظریاتی اختلافات ہوسکتے ہیں لیکن ملک کی بات آئے تو ہم ایک ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سے پاکستان کے نام پر دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ آیئے ہم ایک دوسرے کی غلطیوں،کوتاہیوں اور غلط فہمیوں کو معاف کرکے ایک دوسرے کو گلے لگائیں اور شہر میں امن بحال کریں۔انہوں نے کہا کہ میں تمام قومیتوں کے عوام سے امن کی بھیک مانگتا ہوں اور انکے سامنے امن کیلئے اپنا دامن پھیلاتا ہوں اور سب سے کہتا ہوں کہ آیئے ہم سب ملکر کراچی کو دوبارہ امن کا گہوارہ بنائیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان سے بھی کہا کہ وہ دیگر جماعتوں کے لوگوں کو بھی سینہ سے لگائیں اور شہر کے امن کیلئے اگر کسی کے پاؤں بھی پکڑنے پڑیں تو اس سے گریز نہ کریں،کراچی میں رہنے والے سب ہمارے بھائی ہیں،انکی مائیں بہنیں ہماری مائیں بہنیں ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اندر پیار، محبت اور اتحاد ویکجہتی پیدا کرے اور پاکستان کی حفاظت کرے۔اس موقع پر امن کمیٹی میں شامل تمام سیاسی ومذہبی کے نمائندوں نے جناب الطاف حسین کے خیالات کو سراہا اور انہیں یقین دلایا کہ کراچی کے امن کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں انکے ساتھ ہیں اور انکی اپیل پر لبیک کہتے ہوئے انشاء اللہ سب ملکر شہر کا امن بحال کرینگے اور شہر کو دوبارہ امن کا گہوارہ بنائینگے۔پاکستان پیپلزپارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر عابد ستی نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قیام امن کیلئے ہم آپ کی کوششوں کو سراہتے ہیں اور آپکے خیالات کی قدر کرتے ہیں اور ہماری بھی کوشش ہے کہ کراچی میں امن قائم ہو۔جماعت اسلامی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے امیر اور سابق رکن سندھ اسمبلی حمیداللہ خان نے جناب الطاف حسین کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ کراچی کے امن،یکجہتی اور شہریوں کی جان ومال اور عزت وآبرو کی خاطر ہم آپ کی اپیل کا مثبت جواب دیں گے اور انشاء اللہ کراچی میں امن قائم ہوگا۔عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما رانا گل آفریدی نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ

ہماری دعا ہے کہ جس طرح خان عبدالولی خان اور آپ نے کراچی میں امن کی خاطر اتحاد کیا تھا اور ایک ساتھ بیٹھے تھے ہم بھی شہر میں قیام امن کیلئے اسی طرح ایک ساتھ چلیں گے تو کوئی وجہ نہیں کہ کراچی میں امن قائم نہ ہو۔سنی تحریک کے رہنما محمد سہیل قادری نے کہا کہ گزشتہ دنوں شہر میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات پر آپ نے جس طرح امن کی اپیل کی تھی سنی تحریک نے اس کا خیر مقدم کیا تھا اور اس اپیل پر لبیک کہا تھا، آج پھر ہم امن کی خاطر آپکے ساتھ ہیں۔جمیعت علمائے اسلام (فضل الرحمٰن گروپ ) کے رہنما قاری عبدالحفیظ نے کہا کہ امن کیلئے ہم بھی آپ کے شانہ بشانہ ہیں اور ہم سب ملکر کراچی کے امن کو تہہ وبالا ہونے سے بچائیں گے۔محسود قبائل اتحاد سندھ کے صدر احمد شاہ محسود نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ پنجابیوں، پختونوں، بلوچوں، سندھیوں، مہاجروں اور سب کے سربراہ ہیں، آپ امن کیلئے جو کوشش کریں گے ہم اس پر لبیک کہیں گے اور کراچی کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ ہم تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اور کارکنوں کے ساتھ ملکر اپنی اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے امن قائم کریں گے۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے شہر میں قیام امن کیلئے دعا بھی کرائی اور تشدد کے واقعات میں جاں بحق ہونے والوں کیلئے دعائے مغفرت کی۔

## کراچی کے عوام شہر میں قیام امن کیلئے صبروتحمل اور برداشت سے کام لیں اور امن بحال کرنے کیلئے بھرپور کوششیں کریں۔الطاف حسین کی اپیل

## ایم کیوایم کے تمام سیکٹرز، یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان، ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین اور کونسلرز عوام کے تعاون سے اپنے علاقوں میں امن بحال کرنے کی بھرپور کوششیں کریں۔رابطہ کمیٹی کو فون پر الطاف حسین کی ہدایت

## کراچی میں مسلح شرپسند عناصر کی جانب سے مختلف آبادیوں پر حملوں اور معصوم وبے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## ایم کیوایم، عوامی نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی کراچی میں امن برقرار رکھنے اور اتحاد ویکجہتی کیلئے مشترکہ طور پر کوششیں کررہی ہیں ایسے میں جرائم پیشہ شرپسند عناصر شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے مسلح دہشت گردی کررہے ہیں

## شہر کا امن تباہ کرنے کی کوششیں کرنے والے مسلح دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور شہر کا امن بحال کرنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔الطاف حسین

## شرپسند عناصر کی دہشت گردیوں کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے شہریوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔۔یکم دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ شہر میں قیام امن کیلئے صبروتحمل اور برداشت سے کام لیں اور شہر کا امن بحال کرنے کیلئے بھرپور کوششیں کریں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کراچی میں مسلح شرپسند عناصر کی جانب سے مختلف آبادیوں پر حملوں اور معصوم وبے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جبکہ ملک انتہائی نازک صورتحال سے دوچار ہے اور ایم کیو ایم، عوامی نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی کراچی میں امن برقرار رکھنے اور شہریوں کے مختلف طبقوں کے درمیان اتحاد ویکجہتی کے قیام کیلئے مشترکہ طور پر کوششیں کررہی ہیں ایسے میں امن کے دشمن جرائم پیشہ شرپسند عناصر شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے مسلح دہشت گردی کی کارروائیاں کررہے ہیں جن کی دہشت گردی کے نتیجے میں اب تک کئی معصوم وبے گناہ شہری شہید ہوچکے ہیں۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ شہر کا امن تباہ کرنے کی کوششیں کرنے والے مسلح دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور شہر کا امن بحال کرنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔جناب الطاف حسین نے کراچی کے عوام سے ایک بار پھر اپیل کی کہ وہ جرائم پیشہ شرپسند عناصر کی مسلح دہشت گردیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور شرپسندی کے کسی بھی واقعہ پر از خود کسی قسم کا ردعمل نہ کریں بلکہ پولیس، رینجرز اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کو آگاہ کریں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک کی نازک صورتحال کے پیش نظر صبروبرداشت اور ضبط وتحمل سے کام لیکر شہر کا امن تباہ کرنے اور شہر میں فساد برپا کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنادیں اور اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کریں۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو فون کرکے رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ ایم کیوایم کے تمام سیکٹرز، یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان، حق پرست ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین اور کونسلرز عوام کے تعاون سے اپنے اپنے علاقوں میں امن بحال کرنے کی بھرپور کوششیں کریں۔جناب الطاف حسین نے شرپسند عناصر کی دہشت گردیوں کے نتیجے میں کئی افراد کے جاں بحق ہونے پر بھی دلی افسوس کا اظہار کیا اور ان کے لواحقین سے تعزیت کی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کا اورنگی ٹاؤن، قصبہ کالونی اور علی گڑھ کالونی کا دورہ

## متاثرہ عوام سے ملاقات، جانی ومالی نقصانات پر اظہار افسوس، قطر اسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی

## عوام نے شر پسندوں کی فائرنگ کے واقعات اور پرتشدد کارروائیوں سے رابطہ کمیٹی کو آگاہ کیا

## متاثرہ عوام صبر و برداشت سے کام لیں اور شر پسند عناصر کی کارروائیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں۔رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔یکم دسمبر 2008۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین انیس قائم خانی، نیک محمد، وسیم آفتاب، شکیل عمر اور سینیٹر بابر خان غوری نے پیر کو اورنگی ٹاؤن، قصبہ کالونی اور علی گڑھ کالونی کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور قطر اسپتال جاکر شر پسندوں کی فائرنگ اور تشدد کے واقعات میں شدید زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی۔ اس موقع پر متاثرہ علاقوں کے عوام نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کو گزشتہ دو روز سے جاری پرتشدد واقعات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔انہوں نے بتایا

کہ دہشت گردوں کی فائرنگ اور پرتشدد کارروائیوں کے باعث اورنگی ٹاؤن، قصبہ کالونی اور علی گڑھ کالونی کی آبادی محصور ہوکر رہ گئی ہے اور ہمارے گھروں اور املاک کو نذر آتش کرنے والے دہشت گردوں کے خلاف انتظامیہ کی جانب سے کوئی خاطر خواہ کارروائی نہیں کی جارہی ہے جسکے باعث عوام عدم تحفظ کا شکار ہوگئے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت کی اور جانی و مالی نقصانات پر متاثرہ عوام سے دلی افسوس اور ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے متاثرہ عوام سے اپیل کی کہ وہ صبر و برداشت سے کام لیں اور شر پسند عناصر کی کارروائیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور امن برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کریں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے قطر اسپتال جاکر زخمیوں کی عیادت کی اور ان کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## عوام، اسد امیر خان اور محمد شمیم کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔یکم دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے رکن اسد امیر خان اور لیبر ڈویژن ہمدرد یونٹ کے انچارج محمد شمیم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام و کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ اسد امیر خان اور محمد شمیم کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔ ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین اور ارکان لیبر ڈویژن عمران خان، مرتضیٰ حسین اور لیبر فیڈریشن کے رکن محمد عتیق نے مقامی اسپتال جاکر محمد شمیم کی عیادت کی اور انکی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیو ایم امریکہ نیویارک یونٹ کے کارکن علی قلی ٹریفک حادثے میں زخمی

## الطاف حسین کا اظہار افسوس، کارکنوں سے دعائے صحت کی اپیل

لندن۔۔۔یکم دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم امریکہ نیویارک یونٹ کے کارکن علی قلی کے ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اوران کی صحتیابی کی دعا کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے کارکنان اور حق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ نیویارک یونٹ کے کارکن علی قلی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## مفاد پرست عناصر عوام سے رقم کا مطالبہ کر کے ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔یکم، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بعض عناصر کی جانب سے ڈیفنس، کلفٹن اور شہر کے مختلف علاقوں میں ایم کیو ایم کا نام استعمال کر کے لوگوں سے رقم کا مطالبہ کرنے کی اطلاعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم کی جانب سے ہر قسم کے چندوں پر پابندی عائد ہے، مفاد پرست عناصر عوام سے رقم کا مطالبہ کر کے ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کاروباری شخصیات اور شہریوں سے کہا کہ وہ ایسے عناصر سے ہوشیار رہیں اور ایم کیو ایم کے نام پر رقم کا مطالبہ کرنے والے افراد کے بارے میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ذمہ داران اور پولیس کو اطلاع دیں۔

## ایم کیو ایم کے بزرگ کارکن، کورنگی اور کراچی مضافاتی کمیٹی بھٹائی آباد یونٹ کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نائن زیرو استقبالیہ پر خدمات انجام دینے والے بزرگ کارکن عیدو کی اہلیہ محترمہ حفیظ النساء، کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن ندیم کی والدہ محترمہ شریفاً، کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن الیاس کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم اور بھٹائی آباد یونٹ کے کارکن عبید اختر کے والد غلام حیدر ڈیڑ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆